بسم اللہ الرحمن الرحیم

# عَشْرُ اَحَادِیْثَ تُوْصِلُکُمْ بِاِذْنِ اللّٰہِ الْفِرْدَوْسَ الْاَعْلٰی

## اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَمَنْ وَّالَاہُ۔

دس احادیث جواللہ کے اذن سے آپ کو جنت کے اعلیٰ درجے فردوس تک لے جاسکتی ہیں۔

تمام تعریفیں اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے لئے ہیں اور درود وسلام ہو اللہ کے رسول ﷺ پر اور آپؐ کی آل پر اور آپؐ کے اصحاب پر اور اس پر جو آپؐ ہی سے دوستی رکھے۔ وبعد

یہ کتابچہ اَلْاَحَادِیْثُ الْعَشَرَۃُ فِی الْاَذْکَارِ الْمُشْتَھَرَۃِ (مشہور اذکار کی دس احادیث) پر مشتمل ہے۔ جس میں میں نے اذکار پر مشتمل ایسی ممتاز احادیث کو منتخب کیا ہے جو اجر کے اعتبار سے بہت ہی عظیم، فضیلت کے اعتبار سے بہت ہی افضل اور سند کے اعتبار سے صحیح ترین ہیں۔ تاکہ ان کا حصول ہر مسلمان مرد وعورت پر آسان ہو، کنبے کے افراد سفر وحضر میں ان اذکار کو بار بار رٹھیں، درس گاہوں میں ان کا اعادہ ہو اور علم وخیر اور اصلاح کی ہر محفل میں انہیں دہرایا جائے۔

لہذا آپ سب ان اذکار واحادیث کو یاد کرلیں اور اس پر عمل بھی کریں۔ اس ذات کی قسم! جس کے ہاتھ میں میری جان ہے یہ اذکار خزانوں سے بھی زیادہ مہنگے، جمع شدہ دولت سے بھی زیادہ قیمتی، نشان زدہ گھوڑوں سے بھی زیادہ نفیس اور سرخ اونٹوں سے بھی زیادہ بہتر ہیں۔ بلکہ اجر عظیم، ثواب کثیر اور زبردست انعام کے لیے کرم والے بادشاہ، رحمٰن ورحیم کی طرف سے یہ آسمان وزمین کی کنجیاں ہیں۔ جس نے اپنے بندوں سے ہمیشہ قائم رہنے والی نعمتوں کا وعدہ کر رکھا ہے۔

میں اپنے لیے اور ہر اس شخص کے لیے جو انہیں پڑھتا، پڑھاتا، پھیلاتا اور عمل کرتا ہے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اسے اپنی رضا کی کامیابی سے نوازے، جنت کا گھر عطا کرے اور اسے نار جہنم سے بچائے۔ آمین۔

## Ten Ahadith that can take you to the high level of Jannah – *Al-Firdaws*, by the will of Allah

All praise is for Allah, and may the peace and blessings of Allah be upon His Prophet ﷺ, and upon his followers, companions and upon the one who befriends him. And after that…

This booklet comprises of *'Al-aḥadith al-'asharatu fil adhkāril mushtaharati'* (ten ahadith on well-known *adhkār*). In it I have selected distinguished ahadith based on *adhkār* that are great in reward, perfect in virtue and well-established with respect to its authenticity. This is an effort to make these ahadith be conveniently available for every Muslim man and woman; so that members of a family can repeat them while travelling or during stay, in study circles as well as in gatherings of knowledge, goodness and reformation.

So memorize these ahadith and these *adhkār* and act upon them. By the One in Whose Hand is my soul! These *adhkār* are more valuable than treasures, more precious than heaps of wealth, more graceful than fine branded horses and better than red camels. Rather they are the keys of the heavens and the earth to attaining great reward, infinite recompense and extraordinary bestowal from a Generous King, the Entirely Merciful, the Especially Merciful – He Who has promised never-ending blessings for His slaves.

I supplicate to Allah for myself and everyone who reads it, teaches it and spreads it that He blesses us with the success of His pleasure, grants us a house in Paradise and saves us from the fire of Hell. *Amīn*.

1. عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: اَلَا اَدُلُّکُمْ بِمَا اِنْ اَخَذْتُمْ بِہٖ اَدْرَکْتُمْ مَنْ سَبَقَکُمْ وَلَمْ یُدْرِکْکُمْ اَحَدٌ بَعْدَکُمْ، وَکُنْتُمْ خَیْرَ مَنْ اَنْتُمْ بَیْنَ ظَھْرَانَیْھِمْ، اِلَّا مَنْ عَمِلَ مِثْلَہٗ تُسَبِّحُوْنَ دُبُرَ کُلِّ صَلَاۃٍ ثَلَاثًا وَثَلَاثِیْنَ وَتَحْمَدُوْنَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِیْنَ وَتُکَبِّرُوْنَ ثَلَاثًا وَثَلَاثِیْنَ وَتَقُوْلُ تَمَامَ الْمِائَۃِ: **لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ**۔ (متفق علیہ)

سیدنا ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کیا میں تمہیں ایسی بات نہ بتاؤں کہ جس پر عمل کر کے تم ان لوگوں کے مرتبہ کو پہنچ جاؤ گے جو تم پر سبقت لے گئے ہیں اور تمہارے بعد آنے والا تمہیں نہیں پا سکے گا۔ اور تم جن لوگوں میں ہو ان سے بہتر ہو جاؤ گے سوائے اس شخص کے جو اس جیسا عمل کرے، تم ہر نماز کے بعد ۳۳ بار سبحان اللہ، ۳۳ بار الحمد للہ، ۳۳ بار اللہ اکبر کہو اور یہ کہہ کر سو پورا کرلو کہ: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اسی کی ہے اور ہر قسم کی تعریف بھی اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے''۔

Abu Hurairah ؓ narrated that the Prophet ﷺ said, 'Shall I not tell you a thing upon which if you acted you would catch up with those who have surpassed you? Nobody would overtake you and you would be better than the people amongst whom you live except those who would do the same. After every prayer say: "Glory be to Allah" 33 times; "All praise be to Allah" 33 times; "Allah is the Greatest" 33 times; and complete the hundred with: "there is no true deity except Allah; the One and Only; there is no partner associated with Him; to Him belongs all Sovereignty and to Him belongs all Praise, and He over all things is Always All-Powerful."' [Agreed Upon]

2. وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ **لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ** فِیْ کُلِّ یَوْمٍ مِائَۃَ مَرَّۃٍ کَانَتْ لَہٗ عَدْلَ عَشْرِ رِقَابٍ، وَکُتِبَتْ لَہٗ مِائَۃُ حَسَنَۃٍ، وَمُحِیَتْ عَنْہُ مِائَۃُ سَیِّئَۃٍ، وَکَانَتْ لَہٗ حِرْزًا مِّنَ الشَّیْطَانِ یَوْمَہٗ ذٰلِکَ حَتّٰی یُمْسِیَ وَلَمْ یَاْتِ اَحَدٌ بِاَفْضَلَ مِمَّا جَاءَ بِہٖ اِلَّا اَحَدٌ عَمِلَ اَکْثَرَ مِنْ ذٰلِکَ۔ (متفق علیہ)

اور انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو شخص ہر روز یہ دعا سو مرتبہ پڑھے گا: ''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اسی کی ہے اور ہر قسم کی تعریف بھی اسی کے لیے ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے''، تو اس کو دس غلام آزاد کرنے کا ثواب ہوگا۔ اس کے لیے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس کی سو برائیاں مٹادی جائیں گی اور اس دن شام تک وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا، نیز کوئی شخص اس سے افضل عمل لے کر نہیں آئے گا سوائے اس شخص کے جو اس سے زیادہ مرتبہ یہ عمل کرے''۔

The same narrated that Allah's Messenger ﷺ said, 'If one says one-hundred times in one day: "There is no true deity except Allah; the One and Only; there is no partner associated with Him; to Him belongs all Sovereignty and to Him belongs all Praise, and He over all things is Always All-Powerful", one will get the reward of manumitting ten slaves, and one-hundred good deeds will be written in his account, and one-hundred bad deeds will be wiped off or erased from his account, and on that day he will be protected from the morning till evening from Satan, and nobody will be superior to him except one who has done more than that which he has done.' [Agreed Upon]

3. وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ قَالَ: مَنْ قَالَ **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ**، فِیْ یَوْمٍ مِائَۃَ مَرَّۃٍ، حُطَّتْ خَطَایَاہُ، وَاِنْ کَانَتْ مِثْلَ زَبَدِ الْبَحْرِ۔ (متفق علیہ)

اور انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے ایک دن میں سو مرتبہ کہا سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ ''اللہ پاک ہے اور اسی کی تعریف ہے''۔ اس کے تمام گناہ مٹادیے جاتے ہیں خواہ وہ سمندر کی جھاگ کی مانند ہوں''۔

The same narrated that Allah's Messenger ﷺ said, 'Whoever says: "Glory be to Allah, and praise be to Him" - one hundred times a day, will be forgiven all his sins even if they were as much as the foam of the sea.' [Agreed Upon]

4. وَعَنْہُ، عَنِ النَّبِیِّ ﷺ قَالَ: کَلِمَتَانِ خَفِیْفَتَانِ عَلَی اللِّسَانِ، ثَقِیْلَتَانِ فِی الْمِیْزَانِ، حَبِیْبَتَانِ اِلَی الرَّحْمٰنِ: **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ**۔ (متفق علیہ)

اور انہی سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر بہت ہلکے پھلکے، میزان میں بہت بھاری اور رحمان کو بڑے ہی پیارے ہیں: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ ''اللہ پاک ہے اور اسی کی تعریف ہے، اللہ پاک ہے بہت عظمت والا''۔

The same narrated that the Prophet ﷺ said, 'There are two expressions which are very easy for the tongue to say, but they are very heavy in the balance and are very dear to The Beneficent (Allah), and they are: "Glory be to Allah, and praise be to Him and Glory be to Allah, the Most Great."' [Agreed Upon]

5. وَعَنْہُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: لَاَنْ اَقُوْلَ **سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ**

© AL-HUDA INTERNATIONAL WELFARE FOUNDATION




اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اَحَبُّ اِلَیَّ مِمَّا طَلَعَتْ عَلَیْهِ الشَّمْسُ.(رواہ مسلم)

اورانہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''مجھے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ'' پاک ہے اللہ اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے''۔ کہنا ہر اس چیز سے محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے''۔

The same narrated that Allah's Messenger ﷺ said, 'The uttering of (these words): "Glory be to Allah; and praise be to Him, there is no true diety except Allah and Allah is the Greatest", is dearer to me than anything over which the sun rises.' [*Ṣaḥiḥ Muslim*]

6.وَعَنْهُ قَالَ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:مَنْ صَلّٰی عَلَیَّ صَلَاةً صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ بِهَا عَشْرًا.(رواہ مسلم)

اورانہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جو مجھ پر ایک بار درود بھیجے اللہ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے''۔

The same narrated that the Messenger of Allah ﷺ said: 'He who invokes Allah to send blessings on me once, Allah would bless him ten times.' [*Ṣaḥiḥ Muslim*]

7.عَنْ اَنَسٍ قَالَ: کَانَ اَکْثَرُ دُعَاءِ النَّبِیِّ ﷺ: اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً،وَفِی الْآخِرَةِ حَسَنَةً،وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.(متفق علیه)

سیدنا انس ؓ سے روایت ہے فرمایا: ''نبی ﷺ کی اکثر دعا یہ ہوا کرتی تھی: ''اے اللہ ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ رکھ''۔

Anas ﷺ narrated that the most frequent invocation of the Prophet ﷺ was: "O Allah! Give to us in the world that which is good and in the Hereafter that which is good, and save us from the torment of the Fire." [Agreed Upon]

8.عَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ: قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: یَاعَبْدَ اللّٰهِ بْنَ قَیْسٍ: اَلَا اَدُلُّکَ عَلٰی کَنْزٍ مِنْ کُنُوْزِ الْجَنَّةِ؟!قُلْتُ:بَلٰی یَارَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ:لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.(متفق علیه)

سیدنا ابوموسیٰ اشعری ؓ سے روایت ہے کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: ''اے عبداللہ بن قیس! کیا میں تمہیں جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانے کے بارے میں نہ بتاؤں؟! میں نے کہا: ضرور بتایئے اے اللہ کے رسول، آپ ﷺ نے فرمایا: (وہ کلمہ یہ ہے) لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ''اللہ کے سوا کسی کے پاس زور اور طاقت نہیں ہے''۔

Abu Musa Al-Ash'ari ﷺ narrated that the Messenger of Allah ﷺ said to me: 'Shall I tell you a sentence which is one of the treasures of Paradise?' I said, 'Yes, O Allah's Messenger ﷺ!' He said, 'It is: "There is no might nor power except with Allah."' [Agreed Upon]

9.عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَارِ اَنْ تَقُوْلَ: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ،لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ،خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُکَ وَاَنَا عَلٰی عَهْدِکَ وَوَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ،اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ،اَبُوْءُلَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّهُ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ.(رواہ البخاری)

سیدنا شداد بن اوس ؓ سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ سید الاستغفار یہ ہے کہ تم کہو: ''اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی استطاعت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر برائی سے جو میں نے کی، میں اپنے اوپر تیری عطا کردہ نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس مجھے بخش دے، یقیناً تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا''۔

Shaddad bin Aus ﷺ narrated that the Prophet ﷺ said, 'The most superior way of asking for forgiveness from Allah is: "O Allah, You are my Lord; there is no true deity except You. You created me and I am your servant, I am upon your covenant and Your promise to the best of my ability. I seek refuge with you from the evil that I have done. I acknowledge Your bounties upon me and I acknowledge my sin, so forgive me, verily none forgives sins except You."' [*Ṣaḥiḥ al-Bukhārī*]

10.عَنْ جُوَیْرِیَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ قَالَتْ:قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ:لَقَدْ قُلْتُ بَعْدَکِ اَرْبَعَ کَلِمَاتٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ لَوْ وُزِنَتْ بِمَا قُلْتِ مُنْذُ الْیَوْمِ لَوَزَنَتْهُنَّ:سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ کَلِمَاتِهِ.(رواہ مسلم)

سیدہ جویریہ بنت حارث ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''میں نے تمہارے بعد چار کلمے تین بار کہے ہیں۔ اگر وہ ان کلمات کے ساتھ تولے جائیں جو آج تم نے اب تک کہے ہیں تو وہی بھاری ہوں گے سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ کَلِمَاتِهِ۔ پاک ہے اللہ اور اسی کی تعریف ہے اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر، اس کی ذات کی رضا کے برابر، اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر''۔

Jawairiyyah ﷺ narrated that Allah's Messenger ﷺ said, 'I recited four words three times after I left you and if these are to be weighed against what you have recited since morning these would outweigh them and (these words) are: "Glory be to Allah, and praise be to Him to the extent of the number of His creation and to the extent of His pleasure and to the extent of the weight of His Throne and to the extent of the ink of His words."' [*Ṣaḥiḥ Muslim*]

**AL-HUDA Publications (Pvt) Ltd.**
**Islamabad:** 7 A.K Brohi Road H-11/4 Islamabad Pakistan Ph:+92-51-4866130-1
**Karachi:** 30-A Sindhi Muslim Cooperative Housing Society Ph: +92-21-34169557
www.alhudapk.com | www.farhathashmi.com
05010091